© rasailojaraid.com



میں نقیبِ ملّتِ بیضا ہوں' میری شاعری
نغمۂ بربط نہیں' تلوار کی جھنکار ہے

ڈاکٹر سید عبداللہ' ممتاز حسن' نعیم صدیقی اور اشتیاق حسین قریشی ایسے اکابر نے ان کی شاعری کی تحسین کی ہے۔]

☆ **ماں کی عظمت**' مولانا جمیل احمد بالاکوٹی۔ ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ' خالق آباد ضلع نوشہرہ (سرحد)۔ صفحات: ۲۳۴۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔ [دنیا کی عظیم ہستی "ماں" کی عظمت کے بارے میں قرآن و حدیث کے فرمودات' عمومی تاریخی روایات و حکایات' اقوالِ زریں اور نصیحت آموز واقعات۔ بعض بزرگوں کی ماؤں کا ذکر' اور چند شعرا کی منظومات۔ موضوع کا دل چسپ جامع احاطہ۔]

☆ **مکتوبات افغانی**' مولانا شمس الحق افغانی۔ مرتب: مولانا عبدالقیوم حقانی۔ ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ' خالق آباد ضلع نوشہرہ (سرحد)۔ صفحات: ۳۰۳۔ قیمت: درج نہیں۔ [مولانا شمس الحق افغانی کے مکاتیب بنام مولانا قاضی عبدالکریم۔ تصوف و سلوک' طریقت و راہ معرفت' عبدیت و انابت' شیخ کامل سے استفادہ اور عشق رسولؐ جیسے موضوعات پر اظہار خیال۔ مختصر تشریحات از مرتب۔]


فہم قرآن کی تربیت اور درسِ قرآن کی تیاری کے لیے

ہفت روزہ

**تربیتی ورکشاپ برائے تفہیم و تدریس قرآن**

۲۵ دسمبر ۲۰۰۴ء بروز ہفتہ تا ۳۱ دسمبر ۲۰۰۴ء بروز جمعہ

شرائط داخلہ: تعلیم کم از کم بی اے/ درس نظامی (عمر ۲۱ تا ۴۵ سال)

کل وقتی شرکت لازمی ہوگی

نوٹ: شرکت کے خواہش مند احباب تفصیلی پروگرام منگوانے کے لیے بذریعہ فون /خط اپنا پتا نوٹ کروائیں۔

پروفیسر اختر حسین عزمی ناظم صُفہ مکتب۔ کریم پارک بالمقابل جنرل بس اسٹینڈ' پتوکی

فون معاون تربیت گاہ: 04951-388158 امیر ضلع قصور: 0300-4615823

E-mail: suffamaktab@hotmail.com


© rasailojaraid.com